(۹۹–۲)

92301

## مطالعہ پاکستان (نہم)

نوٹ: حصہ ب اور حصہ ج کے لیے کل وقت 1 گھنٹہ اور 45 منٹ ہیں۔

### حصہ ب

نمبر: 24

مندرجہ ذیل اجزاء میں سے کسی (6) کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ تمام اجزاء کے نمبر برابر ہیں۔

i. نظریہ پاکستان کی بنیاد کیا ہے؟ قیام پاکستان کے دو اہم مقاصد کونسے تھے۔

ii. جون 1945 کی شملہ کانفرنس میں انتظامی کونسل نے جو عہدے اور امور ہندوستانیوں کو سونپے ان میں سے تین تحریر کریں۔

iii. اپریل 1946 میں مسلم لیگ کے نمائندوں کا اجلاس کہاں منعقد ہوا؟ قائداعظم نے اجلاس میں کیا مطالبہ کیا اور کانگریسی حکومت کے بارے میں کیا فرمایا؟

iv. 1946 میں عبوری حکومت کی تشکیل کے لئے قائداعظم نے راست اقدام اٹھایا۔ راست اقدام اٹھانے کی کوئی سی تین وجوہات تحریر کریں۔

v. وہ دو عوامل تحریر کریں جو پاکستان میں موسم گرما کے آخر اور موسم سرما میں بارش کا سبب بنتے ہیں۔ نیز پاکستان آب و ہوا کے لحاظ سے کس خطے میں واقع ہے۔

vi. پاکستان کے نیم خشک میدانی خطے کی تین بڑی خصوصیات تحریر کریں۔

vii. پاکستان کے جنگلی حیات کس علاقے میں کم پائی جاتی ہے؟ صحرائی اور پہاڑی علاقے کے ایک ایک جانور کا نام لکھیں۔

viii. قیام پاکستان کے بعد قائداعظم کو کونسا عہدہ ملا؟ معیشت اور ملکی دفاع کیلئے آپ نے جو اصول بتائے؟ ان میں سے دو تحریر کریں۔

### حصہ ج

نمبر: 16

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف (2) کے جوابات تحریر کریں۔ تمام سوالات کے نمبر برابر ہیں۔

III. وزارتی مشن تشکیل دینے کی ضرورت کیوں پیش آئی۔ نیز وزارتی مشن کی پیش کردہ قلیل المیعاد اور طویل المیعاد تجاویز تحریر کریں۔

IV. ماحولیاتی خطرات سے کیا مراد ہے؟ کوئی سے چار ماحولیاتی خطرات کے نام لکھیں۔ جنگلات کی کٹائی سے زندگی پر کیا منفی اثر پڑتا ہے؟ چار نکات میں وضاحت کریں۔ جنگلات کی کٹائی کے چار وجوہات بیان کریں؟

V. پاکستان میں خاندانی منصوبہ بندی کیلئے پہلی بار کب اور کس حکمران کے دور میں قدم اٹھایا گیا؟ مسلم فیملی لاء آرڈیننس میں مصالحتی کونسلوں کے کیا فرائض تھے؟

www.ilmkidunya.com
www.ilmkidunya.com